فوری ریلیز کے لیے: 4/10/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے HARRIET TUBMAN کی متاثر کن زندگی اور روایت کے اعزاز میں نہری کارپوریشن کے جہاز کو نام دے دیا ہے

Tubman کی پیدائش کے دو صدسالہ برس میں، روچیسٹر میں نہری کارپوریشن جہاز Harriet Tubman کا نام ان کے اعزاز میں رکھا گیا ہے

Tubman نے ساتھی حریت پسندوں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کے لیے ایری کی نہری راہداری کو استعمال کیا تھا

Harriet Tubman جہاز کی تصاویر یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ مشہور امریکی حریت پسند اور انسان دوست کی متاثر کن زندگی اور میراث کے اعزاز میں ریاست نیویارک نہری کارپوریشن نے اپنے ایک جہاز کا نام Harriet Tubman رکھ دیا ہے۔ Harriet Tubman کی پیدائش کے دو صد سالہ برس میں، نہری کارپوریشن نے روچیسٹر میں نہر ایری کے دریائے جینیسی والے کنارے پر ایک تقریب میں پہلے ایک بے نام پش ٹگ بوٹ کو مختص کیا، جو فنگر لیکس کے قریب اوبرن میں حریت پسند کے گھر اور آخری آرام گاہ سے زیادہ دور نہیں ہے۔

"نیویارک پورے ملک کے لیے آزادی اور انسانی حقوق کے لیے مینارۂ نور کی طرح روشن ہے، اور ہماری تاریخ مشہور خواتین سے بھری پڑی ہے - جیسے Harriet Tubman، Susan B. Anthony، Sojourner Truth اور Edie Windsor، محض چند نام ہیں - جنہوں نے دوسروں کے حقوق اور آزادیوں کو مضبوط کرنے کے لیے عظیم ذاتی قربانی دی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جبکہ ہم Harriet Tubman کی پیدائش کی دو سوویں سالگرہ منا رہے ہیں،تو ہمارے لیے اعزاز کی بات ہےکہ ہم ایک سرفروش حریت پسند، خواتین کے حق رائے دہی کی علمبردار، سول جنگ کی ہیرو، اور نرس کے طور پر ان کے پُرعزم کردار کو تسلیم کریں جنہوں نے ہماری ریاست اور امریکہ کی تاریخ میں بامعنی اور دیرپا کردار ادا کیے ہیں۔ ان کے اعزاز میں ایک جہاز کا نام رکھتے ہوئے، ہم ان کی عظیم قربانی کی داستان اور اس منفرد کردار کو رفعت بخش رہے ہیں جو ہماری ریاست کی نہروں نے زیر زمین ریل روڈ کے حصے کے طور پر ادا کیا تھا۔"

Tubman، زیر زمین ریلوے موومنٹ کی ایک سرکردہ شخصیت، جنہوں نے درجنوں غلام لوگوں کو آزاد کروانے میں مدد کی، نہری گزرگاہ کے ساتھ کئی سفر کیے، جہاں ایری، چمپلین، اوسویگو اور کایوگا سینیکا نہروں نے آزادی کے بہت سے متلاشیوں کو کینیڈا تک قابلِ رسائی راستہ فراہم کیا۔

نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا "یہ ایک بہت بڑا اعزاز ہے کہ Harriet Tubman کی زندگی بھر کی بہادری اور قربانی کو اس جہاز کو نام دینے کے ذریعے یاد کیا جائے جو ہر روز انہی آبی گزرگاہوں پر کام کرتا ہے جنہوں نے بہت سے لوگوں کو آزادی کا راستہ فراہم کیا تھا۔ Harriet Tubman بلاشبہ دنیا میں انسانی حقوق کی سب سے بلند منزلہ علامتوں میں سے ایک ہیں اور یہ پہچان ہماری ریاست اور ،خاص طور پر، نہری گزرگاہ سے ان کے تعلق کو مناتی ہے۔"

ریاست نیویارک نہری کارپوریشن کے ڈائریکٹر Brian U. Stratton نے کہا، "Harriet Tubman ہماری تاریخ کی اہم ترین شخصیات میں سے ایک ہیں، اور ان کے بہادرانہ کارنامے نہری گزرگاہ کی بھرپور تاریخ میں اضافہ کرتے ہیں۔ آج، ہم ان کی زندگی اور روایت، کے ساتھ حریت پسند تحریک میں نہر کے کردار کی یاد منا رہے ہیں، اور اپنی ریاست کی تاریخ کے اس حصے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے اپنی حدِ نگاہ کو وسعت دے رہے ہیں۔"

اپنی ستمبر کی میٹنگ میں، نیویارک بجلی کی اتھارٹی اور نہری کارپوریشن بورڈ آف ٹرسٹیز نے Harriet Tubman کے اعزاز میں اس بے نام پش ٹگ بوٹ کو ان کا نام دینے کے لیے ووٹ دیا جنہوں نے اپنی زندگی سماجی سرگرمی اور انسانی حقوق کے لیے وقف کر دی تھی۔ 2019 کا یہ جہاز نہر ایری کے ساتھ لےاونز، وائین کاؤنٹی میں نہری کارپوریشن کی دیکھ بھال والی سہولت گاہ پر کھڑا ہے۔ نہر پر کام کرتے وقت، ٹگ بوٹ نقل و حمل کے دوران موٹر کے بغیر دوسرے جہازوں کو دھکیلتی ہے۔ ان بحری جہازوں میں ڈیرک کشتیاں، بھل صفائی کرنے والے جہاز، اور چپٹے پیندے والی کشتیاں شامل ہیں جو نہر کے معمول کے کاموں جیسے بھل صفائی، لنگر اندازی، ملبہ ہٹانے، اور مواد کی منتقلی کے لیے ضروری ہیں۔

تیسری نسل سے تعلق رکھنے والی Harriet Tubman کی بھتیجی/بھانجی اور روچسٹر کی رہائشی Geraldine Howard نے اپنی آنٹی کا یہ قول سنایا، "مجھے دو چیزوں میں سے ایک کا حق حاصل تھا، آزادی یا موت: اگر مجھے ایک نہ مل پاتی تو، مجھے دوسری کا سامنا کرنا تھا - تو اس لیے کہ کوئی مرد جیتے جی مجھ پر غلبہ نہ پا لے؛ مجھے اپنی آزادی کے لیے اس وقت تک لڑنا چاہیئے جب تک مجھ میں دم ہو، اور جب میری موت کا وقت آئے، تو رب انہیں مجھے جانے دے۔"

Harriet Tubman کی دو صد سالہ تقریب کے پروگرام کی ڈائریکٹر اور روچیسٹر کی شہری Jacqueline Sprague نے کہا، "Harriet Tubman کا دو صد سالہ کمیشن، نہری کارپوریشن کے ساتھ تعاون کے جذبے کا جشن مناتا ہے، اسی لیے انہوں اپنی ایک پش بوٹ کا نام Harriet Tubman کے نام پر رکھا ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں کہ ان کی زندگی اور روایت کو یاد رکھا جائے، اور یہ کہ ان کی داستان اور کام سے ہمارے حال اور مستقبل کی تشکیل جاری رہ سکے - جب بھی لوگ Harriet Tubman کو نہر پر کام کرتے ہوئے دیکھیں گے، تو ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اس نئی راہیں بنانے والی حریت پسند کے بارے میں سوچیں گے، اور یہ کہ کیسے عزم اور تعاون کے جذبے کے ساتھ انہوں نے کئی زندگیوں کو آزادی سے ہمکنار کیا تھا۔"

نیویارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا، "آبرن میں حریت پسند تحریک کے ساتھ ان کے تعلق سے لے کر قریبی سینیکا فالز میں خواتین کے حق رائے دہی کی تحریک کے آغاز تک، نہر ایری کی بھرپور روایت ہمیں بہت سے طریقوں سے مزید بلندیوں اور کامیابیوں کی ترغیب دیتی رہتی ہے۔ نہر کا ماضی نئے سرے سے ترقی اور خوشحالی کا ایک عامل بن گیا ہے، کیونکہ ہم بیس نہری کمیونٹیز کو نئے سرے سے متحرک بنا رہے ہیں جنہیں روچسٹر سمیت اندرونِ شہر کے احیائے نو کے عطیات موصول ہوئے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney نے کہا، "امریکہ میں غلامی کی ہولناکیوں کو ختم کرنے کے لیے Harriet Tubman کا تعاون اس معزز اعتراف کا ضامن ہے۔ روچسٹر عظمیٰ کا علاقہ اس اعتبار سے خوش قسمت تھا کہ مس Tubman کی شکل میں انہیں کمیونٹی کی رہنما اور شہری حقوق کی ان تھک وکالت کرنے والی ایک ہستی میسر آئی۔ میں نیویارک کی سب سے مشہور آبی گزرگاہوں میں سے ایک پر ان کی پائیدار روایت کو تسلیم کرنے پر NYS نہری کارپوریشن اور Harriet Tubman کے دو صد سالہ کمیشن کی شکر گزار ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Samra Brouk نے کہا، "Harriet Tubman ہمارے عظیم ترین امریکیوں میں سے ایک تھیں، اور یہ بات اس لائق ہے کہ ہم ان کی روایت کا احترام کرنے اور ان کی زندگی کے کام کو دوسروں کے لیے ایک تحریک کے طور پر آگے بڑھانے کے طریقے تلاش کرتے رہیں۔ میں نہری کارپوریشن کو سراہتی ہوں کیونکہ انہوں نے Harriet Tubman کے نام پر ایک پش ٹگ کو نام دیا ہے، اور کاش کہ ہم ان امریکیوں کے کام کو اجاگر کرنے کی خاطر ایسے بڑے اور چھوٹے طریقے تلاش کرتے رہیں جو ہمارے اعلیٰ ترین آئیڈیل ہیں۔"

رکن اسمبلی Michaelle C. Solages، صدر برائے نیویارک سیاہ فام، پیورٹو ریکی، ہسپانک اور ایشیائی قانون ساز کاکس، نے کہا، "جبکہ ہم Harriet Tubman کی پیدائش کے دو سو سال کا جشن منا رہے ہیں، تو میں گورنر Houchl کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اپنی زندگی کا اعتراف کرنے میں ہماری ریاست کی قیادت کی ہے۔ یہ جہاز روزانہ یاددہانی کروائے گا کہ آزادی کا سفر طویل اور لازوال ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ ہم ان کی روایت کا احترام کرتے رہیں اور ساتھ ہی پوری تاریخ میں نیویارک کے سیاہ فام شہریوں کی کامیابیوں اور جدوجہد کو تسلیم کریں۔"

رکن اسمبلی Demond Meeks نے کہا، "امریکی شہری حقوق کی میراث ہی روچیسٹر شہر کی میراث ہے۔ جبکہ ہم اپنے شہر کو زندگی کی جانب لانے کے لیے کام کر رہے ہیں، ایسے میں یہ ضروری ہے کہ روچیسٹر کے لوگ اس شہر کے ماضی کی زندگیوں اور اسباق کو پہچانیں۔ ہمارے ملک اور ہماری کمیونٹی کی تاریخ پر Harriet Tubman کے گہرے اثر کی پیمائش ممکن نہیں ہے۔ یہ ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے کہ ان کی روایت کو منایا جا رہا ہے۔ اس اقدام کے لیے Harriet Tubman، Jacqueline Sprague کے دو صد سالہ کمیشن، اور ریاست نیویارک کی نہری کارپوریشن کا شکریہ۔"

رکن اسمبلی Harry Bronson نے کہا، "Harriett Tubman کے حوصلے، ہمدردی اور بہادری لامحدود تھی۔ بالکل کوئی حدود نہیں تھیں۔ ہم آج Harriet Tubman کے اعزاز میں، یہاں نہر ایری کے کنارے پر موجود ہیں، جو ایک ایسی آبی گزرگاہ جس نے زیر زمین ریل روڈ میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ ایک خوشی کا موقع ہے اور امریکہ میں ہونے والی صحیح اور اچھی بات کے لیے ایک بامعنی خراج تحسین ہے۔ آج، ہم جس بات کی تعظیم کر رہے ہیں اس کی ہم سب میں لگن ہونی چاہیئے - - کہ سماجی انصاف اور انسانیت کی ایک عظیم جنگجو، سب کے لیے وقار پر یقین رکھنے والی، Harriet Tubman جیسا بننا چاہیئے۔"

رکن اسمبلی Sarah Clark نے کہا، "مجھے حوصلے اور مضبوطی کو معنی دینے والی، نئے راستے بنانے والی، Harriet Tubman کے اعزاز میں آپ کی تقریب میں شامل ہونے پر فخر ہے۔ جیسا کہ ہم 2025 میں نہر ایری کی دو سوویں سالگرہ کی تیاریاں کر رہے ہیں اور آج کی نئی ٹگ بوٹس جیسی ترقیوں کا جشن منا رہے ہیں، تو ہمیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ حوصلہ افزائی کے لیے Tubman جیسے تاریخی کردار موجود ہیں۔ اس پرمسرت لمحے کو حقیقت کا روپ دینے پر Jacqueline Sprague اور Harriet Tubman کے دو صد سالہ کمیشن، اور کمیونٹی کے شراکت داروں اور سٹیک ہولڈرز کا شکریہ۔"

رکن اسمبلی Jen Lunsford نے کہا، "اس سال عظیم Harriet Tubman کے اعزاز میں اس نئی نہری پش ٹگ بوٹ کا نام رکھنا خاص طور پر زیادہ بامعنی ہے کیونکہ ہم ان کی پیدائش کے دو سو سال کا جشن منا رہے ہیں۔ مغربی نیویارک میں ان کی جرات مندانہ زندگی کا جشن منانے کا یہ ایک نہایت بامعنی اور خوبصورت طریقہ ہے، جو ریاست کے چند خوبصورت ترین نہری قصبوں کا مرکز ہے، جن میں سے فیئرپورٹ اور پٹس فورڈ، دو کی اپنے نئے ضلع میں موجودگی پر مجھے بہت فخر ہے۔ یہ ایک حقیقی امریکی ہیروئین، حریت پسند، خواتین کے حقِ رائے دہی کی علمبردار اور انسان دوست کارکن کو اسی جگہ پر عزت دینے اور یاد کرنے کا ہی ایک دوسرا طریقہ ہے، جس جگہ کو انہوں نے اپنا گھر کہنے کے لیے چنا تھا۔ مجھے یہاں آنے اور اپنے علاقے میں Harriet Tubman کی زندگی اور روایت کے اعزاز کو منانے کا شرف حاصل ہوا ہے۔"

مونرو کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Adam Bello نے کہا، "Harriet Tubman کی بہادری، عزم اور مساوات کی مسلسل جنگ ہم سب کے لیے ہمیشہ ایک رہنمائی رہے گی۔ ریاست نیویارک نہری کارپوریشن نے ان کے اعزاز میں پش ٹگ کا نام رکھ کر ایک مناسب قدم اٹھایا ہے کیونکہ Harriet Tubman نے ریاست کے نہری نظام کے ساتھ، غلامی سے بچنے والے مردوں اور عورتوں کو محفوظ راستہ فراہم کرتے ہوئے، آزادی کے متلاشیوں کو راہ دکھائی ہے۔ ہم اپنے ماضی کے اعزاز میں ان لوگوں کے نام لیتے ہوئے اور ان کی داستانیں سناتے ہوئے ان کو یاد کرتے ہیں، جنہوں نے مستقبل کی تعمیر کے لیے سب کچھ داؤ پر لگا دیا تھا۔ ہم ہمیشہ Harriet Tubman کی روایت کی قدر کریں گے کیونکہ ہم ہر روز مساوات، وقار اور انصاف کے لیے لڑتے رہیں گے۔"

روچیسٹر کے میئر Malik D. Evans نے کہا، "بہت سی افریقی امریکی روحانیت کی باتوں میں، غلامی سے آزادی کی طرف فرار کے لیے کی ایک خفیہ رمز یہ تھی کہ دریائے اردن کو عبور کیا جائے۔ ہمارے یہاں نہری نظام میں

ہمارا اپنا دریائے اردن ہے، جسے Harriet Tubman نے استعمال کیا تاکہ غلام بنائے ہوئے لوگوں کو اکثر و بیشتر کینیڈا کے راستے، حفاظت فراہم کی جائے۔ لہذا، میں سمجھتا ہوں کہ Tubman کے نام سے منسوب ایک کشتی سے اس تاریخ کو اعزاز بخشنا، نہ صرف مناسب، بلکہ اہم بھی ہے۔ روحانی طور پر، وہ ہماری آبی گزرگاہوں کو چلاتی رہیں گی اور ہمیں ان لوگوں کی یاد دلاتی رہیں گی جنہوں نے آزادی کی راہ کو یقینی بنانے کے لیے اپنی جانیں خطرے میں ڈالی تھیں۔"

ایری نہری گزرگاہ کی قومی ورثہ راہداری کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Bob Radliff نے کہا، "ان کی پیدائش کی دو سوویں سالگرہ کے موقع پر، ہمیں Harriet Tubman کے اپنی قوم کے لیے گہرے کردار کا اعتراف کرنے میں NYS نہری کارپوریشن کے ساتھ شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ ان کا ناقابل تسخیر جذبہ ہمیں مزید مساوات اور مواقع والا مستقبل تخلیق کرنے کی ترغیب دیتا رہتا ہے۔"

روچیسٹر میں دو سالہ ریاست نیویارک نہری کانفرنس کے بعد Harriet Tubman کے نام سے منسوب کیا جانا، روچیسٹر کے ROC کے دریائے راستے کے جشن کے ساتھ ہم آہنگ تھا جس میں اس موسم خزاں میں متنوع نمائشیں اور تقریبات شامل تھیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418